بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

ستمبر تا دسمبر 2016ء ، ذوالحجہ تا ربیع الاوّل 1438ھ | شمارہ:3

اخلاص　امانت وصداقت　صبرواستقامت　خیر خواہی　لگن　نظم وضبط　عزت واحترام

قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

## اپنے وقت کی قدر کریں

قسم ہے زمانے کی۔بے شک انسان خسارے میں ہے۔سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور ایک دوسرے کو حق کی تلقین کی اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کی۔
[سورۃ العصر 1-3]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"پانچ چیزوں کو پانچ سے پہلے غنیمت جانو:

اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے

اپنی صحت کو بیماری سے پہلے

اپنے فارغ وقت کو مصروفیت سے پہلے

اپنی زندگی کو موت سے پہلے" [المستدرک للحاکم:7916]



السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم اس نیوز لیٹر کی تیاری میں آپ کے تعاون پر دلی طور پر مشکور ہیں۔ہم تمام اساتذہ کرام اور طالبات کو کورسز کی تکمیل پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔دعا ہے کہ آپ کا علم اور عمل دونوں جہانوں میں آپ کو سرخرو کرے۔مختلف مقابلوں میں انعامات حاصل کرنے والی طالبات کو بھی خصوصی مبارک باد۔ہماری تمام تعلیمی سرگرمیوں کا مقصد انسانیت تک نفع مند علم پہنچانا ہے۔اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے منظم تعلیمی پروگرامز کے علاوہ بہت سے مفید موضوعات پر کتابوں کی اشاعت ہوئی اور"Learn Qur'an"کے نام سے ایک App بھی متعارف کرائی گئی ہے۔اس کے علاوہ فلاحی سرگرمیوں کے متعدد پراجیکٹس بھی ساتھ ساتھ جاری رہے۔پچھلے چار ماہ میں تھرپارکر کے علاقے میں فراہمی آب پراجیکٹ، سندھ کے دور دراز علاقوں میں خواندگی کے فروغ کی کوششیں اور وادیٔ ناران میں زلزلہ زدگان کی امداد،ان سرگرمیوں کی چند عاجزانہ مثالیں ہیں۔ہم نئے سال میں داخل ہورہے ہیں تو آئیے اسے انسانیت کی فلاح کے لئے تعلیمی اور فلاحی کاموں میں صرف کرنے کے نئے عزم سے شروع کریں۔آپ سب کے تعاون سے ہی یہ تمام کاوشیں ممکن ہیں۔برائے مہربانی اپنی قیمتی تجاویز اور مشورے newsletter@alhudapk.com پر ارسال کریں۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس عاجزانہ کوشش کو ہمارے مشن کی تکمیل میں مددگار بنائے۔آمین۔

طاہرہ خان

## نیا سال - نئے عہد

زندگی کا ایک اور سال اس احساس کے ساتھ گزر گیا کہ یہ گزرا ہوا سال اب کبھی ہماری زندگی میں واپس نہیں آئے گا۔ہر گزرتے سال پر ہمیں اپنا احتساب کرنا چاہئے کہ ہمارے کتنے کام پایۂ تکمیل کو پہنچے اور کتنے کام ہم نے ادھورے چھوڑ دیئے۔نئے سال کو بہتر طور پر گزارنے کے لئے ہمیں منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔اگر ہم اپنی زندگیوں کا جائزہ لیں تو ہم میں سے اکثریت جس پہلو میں کوتاہی کرتی نظر آتی ہے وہ حقوق العباد ہے۔عبداللہ بن عمرو بن العاص ؓ نے فرمایا"میں نے اللہ کے رسول ﷺ کو کعبہ کا طواف کرتے دیکھا، آپ ﷺ فرما رہے تھے:اے کعبہ! تو کتنا حسین ہے، تیری خوشبو کتنی خالص اور اچھی ہے، تو کتنا عظیم ہے اور تیری حرمت کتنی عظیم ہے لیکن اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے، اللہ تعالیٰ کی نظر میں ایک مومن کی حرمت تیری حرمت سے بڑھ کر ہے"۔ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے آپ سے وعدہ کریں کہ ہم ایک دوسرے کی جان، مال اور عزت کی حرمت کا پاس رکھیں گے۔دوسروں کے بارے میں اچھا گمان رکھیں گے اور غیبت اور بہتان کے ذریعے ان کی عزت پر حملہ نہیں کریں گے نیز لوگوں سے اپنے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔آئیے اپنا وقت پیارے نبی ﷺ کی سنتوں کی پیروی میں اعمال صالحہ بجالانے میں صرف کریں اور اپنی زندگی کو قرآن وسنت کے مطابق گزاریں۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

## اہم خبریں

### الھدیٰ انٹرنیشنل سکول اسلام آباد کیمپس

الحمد للہ آپ کی دعاؤں اور تعاون سے AIS بلڈنگ کی بنیادوں پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔



### سردی سے بچاؤ مہم

الھدیٰ نے گزشتہ سالوں کی طرح اس موسم سرما میں بھی مستحقین کی مدد کے لیے لحاف اور گرم کپڑوں کا انتظام کیا ہے۔

تفصیلات اندرونی صفحات پر دیکھئے۔

### صحیح البخاری لیکچرز جاری ہیں

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صحیح البخاری سے احادیث کی تدریس میں مصروف عمل ہیں جن سے بہت سے لوگ استفادہ کر رہے ہیں۔تفصیلات کے لئے اندرونی صفحات دیکھئے۔


### کیلی گرافی مقابلہ




فاسٹ یونیورسٹی کے زیراہتمام 12 نومبر کو ہونے والے اس مقابلے میں الھدیٰ کی طالبات اور سٹاف نے حصہ لیا۔پہلی تین پوزیشنز بالترتیب سارہ منظور، حفصہ سہیل اور جمیلہ ضیاء نے حاصل کیں اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ الھدیٰ کا نام بھی روشن کیا۔

# علمی سرگرمیاں

## صحیح البخاری لیکچرز جاری ہیں



ڈاکٹر فرحت ہاشمی صحیح البخاری سے باب "کتاب مناقب الانصار" پڑھا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ فقہ القلوب کے ہفتہ وار ایمان افروز لیکچرز بھی جاری ہیں۔ یہ تمام لیکچرز الہدیٰ ویب سائیٹ اور فیس بک اکاؤنٹ سے براہ راست ویب کاسٹ کئے جاتے ہیں۔ احادیث کو اس انداز میں سیکھنا نہ صرف دین کی حکمتوں کو سمجھنے میں مددگار ہے بلکہ موجودہ دور کے مسائل کا حل تلاش کرنے میں بھی بے حد مفید ثابت ہو رہا ہے۔

### طالبات کے تاثرات

#### جاہلیت کے اعمال اور اسلام

ہمارے معاشرے میں غیب کی خبریں اور ستاروں سے قسمت کا حال معلوم کرنا وغیرہ کا بہت چرچا ہے۔ ہمارے بچے ان معاملات میں الجھن کا شکار نظر آتے ہیں کیونکہ ان کے ساتھی ہم جماعت بچے باہم اس موضوع پر بحث کرتے ہیں۔ صحیح البخاری کلاس میں ہم نے "ایام الجاهلیه" کے باب میں یہ سیکھا کہ یہ تمام اعمال جاہلیت کے دور کے ہیں اور اگر لوگ ستاروں، علم النجوم وغیرہ کی بات کریں تو خاموشی اختیار کرنی چاہیئے۔ سبحان اللہ ہم کتنے خوش قسمت لوگ ہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔ آج سے 1400 سال قبل ہی ہمیں اپنی زندگیوں کے تمام پہلوؤں پر واضح رہنمائی دے دی گئی۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اس علم پر عمل بھی کریں۔

قراۃ العین

#### علم اور عمل کا بہترین امتزاج

مجھے اس بات پر تعجب ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح میرے اندر اٹھنے والے خیالات کا جواب دیتے ہیں اور یہ سوچ کر کہ اللہ تعالیٰ کتنی محبت اور شفقت فرماتے ہیں، میرے دل میں سکون کی ایک لہر دوڑ جاتی ہے۔ صحیح البخاری میں باب "کتاب المناقب" علم اور عمل کے لئے بہت مفید ہے۔ دنیا اور آخرت میں کامیاب ہونے کے لئے صحابہ کے اوصاف کو اپنانے کے ساتھ ساتھ میں نے خوبصورت دعائیں بھی سیکھیں جن کے بارے میں میں پہلے لاعلم تھی۔ اس کے علاوہ میں نے یہ سیکھا کہ لوگوں کو ان کی عادات کے ساتھ ہی قبول کر لینا چاہیئے۔ ہر ایک کو اللہ تعالیٰ نے مخصوص صلاحیتوں کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ لوگوں سے مضبوط تعلق رکھ کر ہی ہم ایک بہترین امت بن سکیں گے۔ "مناقب الانصار" کی صورت میں مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک آخری پیغام ملا ہے کہ یہ صفات ہماری شخصیت کا حصّہ ہونی چاہئیں کیونکہ اب ہم اللہ تعالیٰ کے دین کی خدمت کے لئے عملی دنیا میں قدم رکھنے والے ہیں۔

طاہرہ علی

#### اللہ ﷻ - احسن الخالقین

فقہ القلوب کے لیکچرز میں "انسان کی تخلیق" کا باب سمجھ کر اللہ تعالیٰ کی اپنی مخلوق سے محبت اور انتہا درجے کی رحمت کا احساس ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے یقیناً انسان کو بہترین ساخت عطا فرمائی ہے۔ ہر عضو اپنے مخصوص کام کے لئے بہترین طور پر تخلیق کیا گیا ہے۔ انسانی جسم کے تمام اعضاء میں باہم تعاون حیران کن ہے۔ تمام اعضاء کا خود بخود اپنے کام کے مطابق حرکت کرنا اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔ سوچنے کا نکتہ یہ ہے کہ کیا ہم اپنے خالق کے شکرگزار ہیں اور کیا ہم اپنی تخلیق کے مقصد کو پورا کر رہے ہیں؟

ڈاکٹر فردوس روحی

## پسماندہ علاقوں میں علم کی روشنی پھیلانا

**سندھ:** علم کی روشنی پھیلانے کی مخلصانہ کوششوں کے ساتھ الہدیٰ کراچی کی "قرآن لٹریسی پروگرام" ٹیم نے اکتوبر میں سجاول شہر سے قریب واقع "بشارلشاری" گاؤں کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد الہدیٰ سے فارغ التحصیل طالبات کی پانچ سال قبل شروع کی گئی کلاسز کی صورت حال کا جائزہ لینا تھا۔ سعدیہ بخاری کا کہنا تھا کہ "خواتین کو نماز اور دعائیں صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرتے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی"۔ دسمبر میں اس ٹیم نے لاڑکانہ اور شکارپور کا دورہ کیا جہاں وہ "ولید محلّہ سکول" اور دیگر کلاسوں میں گئیں جو الہدیٰ سٹاف ممبرز قریبی گاؤں میں چلا رہی ہیں۔ ثمینہ رفیق نے شکارپور جخنانہ میں پرائیوٹ سکولز / کالجز کی استاذہ کو ایک لیکچر بھی دیا۔ وہاں موجود EDO نے درخواست کی کہ ان کی 300 اساتذہ کو اسلامیات پڑھانے کی ٹریننگ دی جائے۔ ٹیم ممبران نے جلبانی کا دورہ بھی کیا جہاں ان خواتین سے ملاقات کی جو باقاعدگی سے FM ریڈیو پر ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کا تعلیم القرآن پروگرام سنتی ہیں۔ ٹیم ممبران ان خواتین کے شوق اور جذبے سے بہت متاثر ہوئیں۔

**ہری پور:** اسلام آباد ریجنل آفس ٹیم نے ہری پور میں تکمیل قرآن کی تقریب میں شرکت کی۔ وہاں کی فارغ التحصیل طالبات زیادہ تر کم پڑھی لکھی تھیں۔ ایسی ہی ایک طالبہ کے بارے میں ریجنز ڈائریکٹر یاسمین خاکوانی نے کہا "یہ ایک معجزے سے کم نہیں کہ یہ طالبہ قرآن کورس کرنے کے بعد لکھنا پڑھنا سیکھ گئی اور خود اعتمادی کے ساتھ اپنے تاثرات پیش کر رہی ہے"۔

## خصوصی مواقع اور دن

### تقریب تکمیل قرآن



24 دسمبر کو الہدیٰ اسلام آباد میں تعلیم القرآن 1 کورس کے بیچ 22، تعلیم الحدیث کورس بیچ 40 اور تجوید کورسز کی تکمیل پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ دن کے آغاز میں استاذہ محترمہ نے الہدیٰ انسٹیٹیوٹ کینیڈا سے آن لائن ملاقات کی جس میں تمام طالبات کو مبارکباد دی اور انہیں مفید نصیحتیں کرتے ہوئے کہا "حامل قرآن کی صفات اپنائیں تا کہ نظر آئے کہ یہ قرآن پڑھے ہوئے لوگ ہیں۔ اپنے علم کو بڑھائیں، قیام الیل کو اپنی عادت بنائیں اور روزانہ کے اہداف مقرر کریں۔ لوگوں کا احترام کریں اور ان کو حقیر نہ جانیں"۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز ہوا تو ایونٹ کوآرڈینیٹر عظمیٰ نورین نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ ڈائیریکٹر انسٹیٹیوٹ ماریہ عظیم نے 2016 میں ہونے والے اہم ایونٹس کے بارے میں رپورٹ پیش کی۔ کورس مکمل کرنے والی طالبات نے اپنے تاثرات نہایت مؤثر انداز میں پیش کیے۔ ڈاکٹر تقدیس ابرار نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا" ڈاکٹر ہوتے ہوئے میں اپنی تعلیم کو دنیاوی کامیابی کے لئے بلندترین معیار پر سمجھتی تھی لیکن قرآن کو سمجھ کر پڑھنے سے مجھے پتہ چلا کہ حقیقی کامیابی کیا ہوتی ہے۔ قرآن نے مجھے اطمینان اور سکون دیا ہے"۔ اس تقریب میں حفظ القرآن اور حفظ الحدیث کے مختصر مقابلے کروائے گئے۔ طالبات کی بھرپور تیاری اور پُراعتمادی نے حاضرین کو بے حد متاثر کیا۔

### سیرت نبوی کوئز اور آرٹ مقابلہ

الہدیٰ اسلام آباد اکیڈیمک ڈیپارٹمنٹ کے تحت اس مقابلے کا اہتمام کیا گیا۔ تعلیم القرآن 2 کی سولہ طالبات نے کوئز اور سولہ طالبات نے آرٹ کے اس مقابلے میں حصہ لیا۔ تمام طالبات نے بہت عمدہ پرفارمنس کا مظاہرہ کیا۔ حائقہ چودھری نے کوئز اور سمیہ اعجاز نے آرٹ مقابلے میں اوّل انعام حاصل کیا۔

### بین الاقوامی دن

خواندگی کے عالمی دن کے حوالے سے الہدیٰ اسلام آباد میں طالبات کو آگہی دینے کے لئے ایک لیکچر کا اہتمام کیا گیا جس میں ان کو ترغیب دی گئی کہ وہ گھروں سے مفید کتابیں اور دیگر سٹیشنری کی اشیاء ساتھ لائیں تا کہ ان کو ایسے لوگوں تک پہنچایا جائے جو خرید نے کی سکت نہیں رکھتے۔ کچھ مفید کتابوں کو الہدیٰ لائبریری میں بھی رکھا گیا۔ اساتذہ کے عالمی دن اور ذہنی صحت کے عالمی دن بھی ڈسپلے بورڈ اور ویب سائٹ پر پیغامات کے ذریعے آگہی دی گئی۔




### الہدیٰ کینیڈا کی طالبات کی شجرکاری مہم

الہدیٰ انسٹیٹیوٹ کینیڈا کی سٹاف وطالبات نے اس مہم میں حصہ لیا اور ادارے کے گردونواح میں تقریباً 100 پودے لگائے۔

### الہدیٰ ٹیچرز ٹریننگ ایجوکیشن سینٹر

ATEC اسلام آباد خواتین اور استاذہ کے لئے مختلف ٹریننگز کا اہتمام کرتا ہے۔ پچھلے چار ماہ میں جو ٹریننگز ہوئیں ان میں "مونٹیسری ٹیچرز ایجوکیشن کورس"، "پروفیشنل مینیجمنٹ کے لئے فاؤنڈیشن کورس"، "ہائپر ایکٹو بچوں کے ساتھ ڈیل کرنے کا آرٹ" وغیرہ شامل ہیں۔




### ایکسیلنس ایوارڈ

الہدیٰ ایلیمینٹری سکول کینیڈا کو بچوں کی کینیڈین نیشنل تخلیقی لکھائی کے مقابلے میں ایوارڈ آف ایکسیلنس 2016 دیا گیا۔ اس مقابلے میں حصہ لینے والے بچوں کی عمریں 5-14 سال ہیں۔

### الہدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین

AIM میں تعلیم القرآن کا چوتھا بیچ شروع ہو چکا ہے۔ طلباء اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تفریح کے مواقع سے بھی بھرپور لطف اندوز ہوتے ہیں۔ جس سے ان کو اپنی صلاحیتوں کو جاننے اور باہم مضبوط تعلق استوار کرنے کا موقع بھی ملتا ہے۔ قرآن مجید کی آیت جس میں یہ بیان ہوا ہے ایک انسانی جان کو بچانا گویا پوری انسانیت کو بچانا ہے، پڑھنے کے بعد طلباء نے شفاء انٹرنیشنل ہسپتال کا دورہ کیا اور خون کا عطیہ دیا۔ تفریحی سرگرمیوں میں دامن کوہ اور فیصل مسجد کے دورے کے علاوہ فٹ بال اور ٹیبل ٹینس کے میچ شامل ہیں۔

# خدمتِ انسانیت

Al-Huda Cares!

''اور تم سب اللہ کی بندگی کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک کو نہ بناؤ، ماں باپ کے ساتھ نیک برتاؤ کرو، قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ اور پڑوسی رشتے دار سے، اجنبی ہمسائے سے، پہلو کے ساتھی اور مسافر سے اور ان لونڈی غلاموں سے جو تمہارے قبضہ میں ہوں، احسان کا معاملہ رکھو۔ یقین جانو اللہ کسی ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو اپنے بارے میں مغرور ہو اور اپنی بڑائی پر فخر کرے''۔[سورۃ النساء: 36]

## مسجد ہدایہ سانگھڑ میں نمازِ عید



الحمدللہ عید الاضحیٰ کے موقع پر نماز عید پر تقریباً ڈیڑھ سو افراد نے شرکت کی۔ امام مسجد نے ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے نام ایک خط میں الھدیٰ انتظامیہ کا مسجد تعمیر کرنے پر دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے اس دور دراز علاقے میں مسجد کی تعمیر کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو نماز جمعہ اور عیدین ادا کرنے کی سہولت فراہم ہوئی ہے۔

## تھرپارکر میں فراہمی آب پراجیکٹ

تھرپارکر کے علاقے میں جہاں ہزاروں لوگ پانی کی قلت کا شکار ہیں، الھدیٰ نے فراہمی آب پراجیکٹ کے تحت پچاس ہینڈ پمپس اور ایک کنواں کھدوانے کا بندوبست کیا ہے۔

## وادئ ناران میں زلزلہ زدگان کی امداد

باتل، وادئ ناران کا ایک گاؤں ہے جہاں آبادی کی کثرت ہے۔ اس سال اکتوبر میں آنے والے زلزلہ سے کثیر تعداد میں لوگ متاثر ہوئے خصوصاً کچے مکانات گر گئے۔ الھدیٰ نے تقریباً 300 خاندانوں میں لحاف، گرم کپڑے اور راشن تقسیم کیا۔








## سردی سے بچاؤ مہم 2016



الھدیٰ ہر سال موسم سرما کی شدید سردی میں ضرورت مند افراد کو لحاف اور دیگر گرم کپڑے فراہم کرتا ہے شمالی علاقہ جات کے مستحق افراد کو بطور خاص یہ عطیات دئے جاتے ہیں۔ رواں سال بھی الھدیٰ نے خصوصی مہم کے ذریعے مظفر آباد، دیر کوٹ، راولہ کوٹ، ناران، اٹک اور گجرات کے مستحقین میں 800 پیکٹ تقسیم کئے جن میں لحاف اور دیگر گرم کپڑیوں کے علاوہ راشن بھی شامل تھا۔

## پانی بچائیے


پانی بہت بڑی نعمت ہے۔ پاکستان میں خشک سالی کی وجہ سے پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ زیر زمین پانی کی سطح بھی کافی حد تک کم ہوگئی ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر ہنگامی بنیادوں پر اس مسئلے کو حل نہ کیا گیا تو آئندہ مہینوں میں پاکستان پانی کی شدید قلت کا شکار ہوسکتا ہے۔ ہمیں ذمہ دارانہ کردار ادا کرتے ہوئے پانی جیسی نعمت کو ضائع کرنے سے بچنا ہے۔

- کچن یا واش روم میں پانی استعمال کرنے میں احتیاط برتیں۔ پورا نل مت کھولیں۔
- سبزیاں یا پھل دھوتے وقت وہی پانی جمع کرلیں اور پودوں وغیرہ کو دینے میں استعمال کریں
- موسم سرما میں گرم پانی کے انتظار میں ٹھنڈا پانی مت بہائیں بلکہ اسے ذخیرہ کرلیں
- پانی کے پائپ جو لیک کر رہے ہوں فوراً ٹھیک کروائیں

یہ معلومات اپنے اہل خانہ، دوست احباب، سکول کالجز اور معاشرے میں عام کریں۔

# ابلاغِ عامہ کے ذریعے خدمت

## نئی موبائل ایپلیکیشن (App)




"Learn Qur'an" کے نام سے الھدیٰ نے ایک نئی App متعارف کروائی ہے۔ اس App کے ذریعے آپ قرآن مجید کے لفظی ترجمہ کے ساتھ ساتھ آیات کا گہرائی سے مفہوم سمجھ سکتے ہیں، روٹ ورڈز جان سکتے ہیں۔ آپ کسی بھی آیت کو اپنا پسندیدہ بنا سکتے ہیں اور کسی بھی آیت کا متن آڈیو کے ساتھ شیئر کرسکتے ہیں۔ ہندی زبان میں ترجمہ موجود ہے۔ انگریزی، جرمن اور فرانسیسی زبانوں میں ترجمے کی سہولت جلد دستیاب کردی جائے گی۔

نوٹ: یہ App صرف Android فون استعمال کرنے والوں کے لئے ہے۔

## الھدیٰ ڈیزی کو خراجِ تحسین

الھدیٰ ویب سائیٹ پر بینائی سے محروم حمزہ نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "میں www.farhathashmi.com پر نابینا افراد کے لئے ڈیزی کتابوں کو پاکر بہت خوش ہوا۔ میں بینائی سے محروم ہوں اور پاکستان کے نابینا افراد کے لئے کام کرتا ہوں۔ یہ پہلی پاکستانی ویب سائیٹ ہے جس پر بینائی سے محروم افراد کے لئے ڈیزی کتابیں موجود ہیں۔ میں الھدیٰ انتظامیہ کی بہت حوصلہ افزائی کرتا ہوں جنھوں نے یہ سہولت مہیا کی۔ اگر آپ اس میں کسی اور چیز کا اضافہ کریں تو مجھے ضرور مطلع کریں تاکہ میں دوسرے افراد تک بھی یہ خیر پہنچا سکوں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لئے فائدہ مند بنائے آمین"۔

## نئی مطبوعات












- حسنِ انجام
- فقہ القلوب والیم 6
- حصول علم اور خواتین (نظر ثانی شدہ)
- سورۃ الملک (کارڈ)
- سورۃ الکہف (کارڈ)
- ذِکرُ اَخلَاقِ اَهلِ القُرآنِ پمفلٹ (اردو اور انگریزی)

## الھدیٰ فیس بک سے براہ راست ویب کاسٹنگ

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے صحیح البخاری "کتاب مناقب الانصار" پر مشتمل لیکچرز کے بارے میں سب سے زیادہ آراء ریکارڈ کی گئیں خصوصاً 7 اور 8 دسمبر کے سیشنز کے بالترتیب +99k اور +52k views ریکارڈ کی گئیں۔ جبکہ 16 نومبر کے لیکچرز کے +26k آراء ریکارڈ ہوئیں۔ آپ بھی اس لنک پر ہمارے ساتھ شامل ہوسکتے ہیں۔

http://www.facebook.com/DrFarhatHashmi/

## الھدیٰ ای کیمپس

الھدیٰ ای کیمپس پر بہت سے نئے کورسز کا آغاز ہوا ہے۔

- الزھراوین حفظ کورس، ہفتہ وار کلاس پر مشتمل ایک سالہ کورس جس میں سورہ البقرہ اور سورہ آلِ عمران حفظ کروائی جائیں گی۔
- انگریزی، اردو اور جرمن زبان میں فہم القرآن اور تعلیم القرآن کورس
- انگریزی اور اردو میں اسلامی عقائد کورس
- تجوید کورس جو کہ مختلف کتب پر مشتمل ہے۔ (اردو اور انگریزی)

Al-Huda eCampus

## حکمت کے موتی



**(Pearls of Wisdom)**

جس شخص کی نیت میں خرابی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس کی نیت کی خرابی کو اس کے برے عمل کے ذریعے ظاہر کر دیتے ہیں۔اس پر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس شخص نے برا عمل کر کے اپنی قدر و قیمت کھودی ہے لیکن دراصل یہ اس کی خفیہ بری نیت کا نتیجہ ہوتا ہے جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کر دیتے ہیں۔

(عبدالعزیز العریفی)

اس قول کا مطلب یہ ہے کہ اس شخص کی نیت میں خرابی تھی لیکن وہ لوگوں کے سامنے نیک بنا ہوا تھا۔اس میں ہم سب کیلئے بھی تنبیہ ہے۔ہمارے عمل سے زیادہ اہم ہماری نیت ہے۔اگر نیت درست ہو تو اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا کر دیتے ہیں تو تھوڑا عمل بھی کافی ہو جاتا ہے لیکن اگر نیت خراب ہے تو نیک عمل بالآخر برے اعمال سے بدل جاتے ہیں۔اس طرح صرف آخرت میں ہی نہیں بلکہ دنیا میں بھی رسوائی ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے نفسوں کے شر سے محفوظ رکھے۔آمین۔

آپ اس لنک پر ٹیلی گرام کے اس چینل سے مستفید ہو سکتے ہیں:

https://goo.gl/uwC6ic

## عیدالاضحیٰ اور قربانی



عیدالاضحیٰ پورے ملک میں جوش و جذبے سے منائی گئی۔آپ سب کے تعاون سے اس سال الھدیٰ نے 165 گائیں، 159 بکرے اور 2 اونٹ سندھ، پنجاب، خیبر پختون خواہ، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں قربان کئے۔تقریباً ایک لاکھ مستحق افراد میں گوشت تقسیم کیا گیا جس نے الھدیٰ کی خوشیوں کو دوبالا کر دیا۔

## عید تقریبات

خوشی کے اس موقعے پر مختلف الھدیٰ سینٹرز میں تقریبات اور عید گالا کا اہتمام کیا گیا۔الھدیٰ اسلام آباد میں بھی ایسی ہی تقریب عید کے دوسرے روز منعقد کی گئی جس کی خاص بات اونٹ کی قربانی تھی۔اس کے ساتھ گھڑ سواری، نشانہ بازی، رسہ کشی اور دیگر تفریحات کا اہتمام کیا گیا تھا۔بچوں اور ان کے والدین کے لئے کھانے کے سٹالز بھی لگائے گئے تھے۔الھدیٰ سراج الدولہ ہاسٹل کراچی میں بھی عید گالا کا اہتمام کیا گیا جہاں طالبات اور سٹاف نے باہم ملاقات کے ساتھ ساتھ گھر کے تیار کردہ لذیذ کھانوں کا لطف اٹھایا۔







## ہمارے بچے

### پروگرام برائے ستمبر 2016- مئی 2017

ہفتہ وار کلاسز کے ساتھ چھوٹی عمر کے بچوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرنے کے لئے ایک پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز کیا گیا ہے۔اس بار ہمارے کورس میں مندرجہ ذیل کتب شامل ہیں:

- "اسلام ہمارا دین" کتاب (2-4 سالہ بچوں کے لئے)
- "صراطِ مستقیم" کتاب (4-7 سالہ بچوں کے لئے)
- "بنی اسرائیل کی کہانیاں" (7-10 سالہ بچوں کے لئے)
- "اسلامی عقیدہ" کتاب (10-11 سالہ بچوں کے لئے)
- "پارہ 30 تدبّر و عمل پر مشتمل اسباق" (14 سالہ اور بڑے بچوں کے لیے)
- "این الشاکرون" کی کتاب ماؤں کے لئے

### دو نئے پراجیکٹس

- نویں جماعت کے بچوں کو بورڈ کے امتحانات کی تیاری میں مدد دینے کے لئے اسلامک سڈیز کورس
- علم التجوید کورس جس کا مقصد بچوں کی قرأت میں بہتری لانا اور منتخب سورتوں کو حفظ کرانا ہے۔

## آیئے عمرہ کریں

الھدیٰ مارچ 2017ء میں عمرہ گروپ لے جا رہا ہے۔روانگی اسلام آباد اور کراچی سے ایک ہی روز ہو گی۔جانے سے قبل ایک ٹریننگ کا اہتمام کیا جائے گا جس میں سنت کے مطابق عمرہ کرنا سکھایا جائے گا۔



- رجسٹریشن 8 دسمبر 2016ء سے شروع ہے
- رجسٹریشن کی آخری تاریخ 31 جنوری 2017ء ہے
- فارمز الھدیٰ اسلام آباد اور کراچی سے لیے جا سکتے ہیں اور الھدیٰ ویب سائٹ پر بھی موجود ہیں
- 12 دن کا یہ پیکج ویزہ، ٹکٹ، ٹرانسپورٹ اور ہوٹل کے اخراجات کو کور کرے گا۔مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کریں:

051-4866125-9, 4866197(8:30 am-2:00 pm)

موبائل: 0312-5255688 ویب سائیٹ: www.alhudapk.com

## الھدیٰ اسلام آباد کورسز

### ڈپلومہ کورسز:


- تعلیم القرآن (اردو اور انگریزی)

### ایڈوانس کورسز:

- تعلیم الحدیث
- تعلیم التجوید

### سرٹیفیکیٹ کورسز:

- فہم القرآن




ویب سائیٹ: www.aispk.org/contribute

بینک تفصیلات:

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل سکول

اکاؤنٹ نمبر: 0164278002(PKR)

بینک کا نام: دبئی اسلامک بینک

برانچ کا نام: I-8 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان

برانچ کوڈ: 040

سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA

آئی بی این: PK71DUIB0S0000000164278002

**Help Us BUILD the FUTURE**

| امدادی درجہ بندی | روپے |
| --- | --- |
| ایک کلاس کی تعمیر کا خرچہ (اندازاً) | 2,500,000 |
| ایک کلاس روم کا فرنیچر | 110,000 |
| ایک کلاس روم کے لئے سرگرمی کا مواد | 90,700 |
| کمپیوٹرز | 1,950,000 |
| سائنس لیب فرنیچر اور آلات | 1,600,500 |
| لائبریری کی کتب اور دیگر وسائل | 1,150,000 |
| ایک پنکھا | 3,400 |
| سیمنٹ کا ایک تھیلا | 595 |
| ایک LED ٹیوب لائٹ اور فکسر | 1,750 |

کل لاگت: 380 ملین روپے
اوقات تکمیل کا تخمینہ: 20 تا 22 ماہ

**الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن**
7- اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ادارتی ٹیم
ڈاکٹر فرحت ہاشمی - سرپرست اعلیٰ
ڈاکٹر فردوس روحی - انتظامی نگران
طاہرہ خان - مدیرہ
مریم افضل - نائیب مدیرہ